بلوچستان نے سدرن پنجاب کو 7 وکٹوں سے شکست دے دی

- بائیں ہاتھ کے فاسٹ باؤلر عاکف جاوید کے 3 شکار
- اوپنر امام الحق کی نصف سنچری

لاہور، 17اکتوبر 2019ء:

ایونٹ کےپانچویں روز اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد میں کھیلے گئے میچ میں بلوچستان نے سدرن پنجاب کو 7وکٹوں سے شکست دے دی. فاتح ٹیم کے باؤلرز نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کیا، اوپنرامام الحق نےبھی نصف سنچری اسکور کی۔ بلوچستان کی ٹیم نے 145رنز کا ہدف 3 گیندیں قبل حاصل کرلیا۔

اس سے قبل بلوچستان کے کپتان حارث سہیل نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔سدرن پنجاب کےدونوں اوپنر ز2کے مجموعی اسکور پر آؤٹ ہوکر پویلین واپس لوٹ گئے۔مڈل آرڈر بیٹسمین نے محتاط انداز میں بیٹنگ کا مظاہرہ کیا ۔ وہ34 گیندوں پر 35 رنز بنا کر ٹاپ اسکور ررہے تاہم وہاب ریاض نے اختتامی اوورز میں 17 گیندوں پر 3 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے 31 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیل کر ٹیم کا مجموعہ 144 تک پہنچانے میں مدد دی۔سدرن پنجاب کی ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 144 رنز بنائے۔فاسٹ باؤلر عاکف جاوید نے 16 رنز کے عوض 3 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھائی۔ محمد اصغر نے2 جبکہ یاسر شاہ اور عماد بٹ نے 1،1 وکٹ حاصل کی۔

جواب میں امام الحق اور اویس ضیاء پر مشتمل اوپننگ جوڑی نے بلوچستان کی جانب سے پراعتماد انداز میں اننگز کا آغاز کرتے ہوئے 60 رنز کی شراکت قائم کی۔امام الحق 51 اور اویس ضیاء 22 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔جس کے بعد کپتان حارث سہیل اور عمران بٹ کے درمیان ناقابل شکست 47 رنز کی شراکت نے بلوچستان کو فتح سے ہمکنار کردیا۔عمران بٹ 28 اور کپتان حارث سہیل 25 رنز بناکر ناٹ آؤٹ رہے۔ بلوچستان کی ٹیم نے مطلوبہ ہدف 19.3 اوورز میں 3 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔ سدرن پنجاب کی جانب سے اسپنر زاہد محمود نے 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

ایونٹ میں جمعہ کے روز 2 میچز کھیلے جائیں گے۔ پہلے میچ میں سنٹرل پنجاب اور سدرن پنجاب جبکہ دوسرے میچ میں ناردرن اورخیبرپختونخوا کی ٹیمیں مدمقابل ہوں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk